41766 ـ اگر بیٹا علیحدہ گھر میں رہتا ہو تو والد کی قربانی بیٹے کے لیے کفائت نہیں کرے گی

سوال

کیا میرے والد کی قربانی میری اور میرے اہل و عیال کی جانب سے کفائت کریگی، یہ علم میں رہے کہ میں اپنے علیحدہ گھر میں رہائش پذیر ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مشروع یہی ہے کہ ہر گھر والا اپنے اہل و عیال کی جانب سے قربانی کرے.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

ایك شادی شدہ شخص ایك شہر میں رہتا ہے، اور اس کے والد دوسرے شہر میں رہائش پذیر ہیں تو کیا اس کے والد کی طرف سے کی گئی قربانی بیٹے اور اس کی اولاد کی جانب سے کافی ہو گی ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" اے سائل اگر تو آپ اپنے مستقل اور علیحدہ گھر میں رہتے ہیں تو آپ کے لیے اپنی اور اپنے اہل و عیال کی جانب سے قربانی کرنی مشروع ہے اور آپ کے والد کی قربانی آپ اور آپ کے اہل و عیال کے لیے کافی نہیں ہوگی، کیونکہ آپ ان کے ساتھ گھر میں نہیں رہتے، بلکہ آپ کا گھر مستقل اور علیحدہ ہے " انتہی.

مستقل فتوی کمیٹی سے درج ذیل سوال کیا گیا:

میرے دو خاندان ہیں اور ہر ایك اپنے علیحدہ گھر میں رہتا ہے، اور گھر بھی ایك دوسرے سے تقریبا دو سو میٹر دور ہیں، ایك تو میرا اور دوسرا میرے والد صاحب کا خاندان ہے، یہ علم میں رہے کہ میرے والد صاحب بقید حیاۃ ہیں، میرا سوال یہ ہے کہ:

کیا ہمارے لیے ایك ہی قربانی کرنی جائز ہے کہ میں اپنی اور اپنے والد کی جانب سے ایك بکرا ذبح کر دوں ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

" مشروع یہ ہے کہ ہر گھر والا اپنی علیحدہ قربانی کرے " انتہی.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (11 / 406).

واللہ اعلم .